شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

09 مئی 2021

پریس ریلیز

اسرائیل کا مسجدِ اقصیٰ میں نمازیوں پر حملہ بدترین ریاستی دہشت گردی ہے۔

لاہور(پ ر)اسرائیل کا مسجدِ اقصیٰ میں نمازیوں پر حملہ بدترین ریاستی دہشت گردی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنھوں نے کہا کہ جب سے فلسطین پر یہودی ناجائز طور پر قابض ہوئے ہیں مسلمانوں پر ان کا ظلم وستم جاری ہے۔ صیہونی ریاست نے رمضان کے مبارک مہینے میں مسجدِ اقصیٰ میں تراویح ادا کرتے ہوئے نمازیوں پر حملہ کر کے درندگی اور سفاکیت کا مظاہرہ کیا ہے۔اُنھوں نے کہا کہ باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت اسرائیلی فوجیوں نے قبلہ اول اور مشرقی یروشلم میں دوسو سے زائد بے بس اور بے گناہ فلسطینی مسلمانوں کو شدید زخمی کر کے دنیا کو واضح پیغام دیا ہے کہ وہ ہر حال میں فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی پر تلے ہوئے ہیں۔

تنظیم اسلامی کے امیر نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل اسلام دشمنی میں تمام حدیں پار کر چکا ہے لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ مسلم ممالک اب بھی فلسطینی مسلمانوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کرنے والی ناجائز صیہونی ریاست سے تعلقات بڑھانے پر آمادہ نظر آتے ہیں۔اُنھوں نے کہا کہ مسلم ممالک کو ادراک ہو جانا چاہیے کہ اسرائیل مسلمانوں کا کبھی دوست نہیں ہو سکتا۔لہٰذا تمام مسلم ممالک مل کر اسرائیل کا مکمل مقاطعہ کریں اور صیہونی ریاست پر پابندیاں لگا کر اس کا ناطقہ بند کریں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 09 May 2021

"Israeli attack on worshippers in the Al-Aqsa Mosque is the worst kind of state terrorism."

Lahore (PR): "Israeli attack on worshippers in the Al-Aqsa Mosque is the worst kind of state terrorism."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that ever since the Jews have illegally seized and occupied Palestine, they have been perpetrating oppression and brutalities against the Palestinian Muslims. The Zionist state has demonstrated appalling monstrosity and cruelty by attacking those offering Taraweeh prayers in Al-Aqsa Mosque during the Holy month of Ramadan. The Ameer said that the Israeli Occupation Forces have given a clear message to the entire world by seriously wounding more than 200 innocent and helpless Palestinian Muslims in a pre-planned operation in the Holy Land and East Jerusalem that they are willing to go to any horrendous length to carry out the genocide of Palestinian Muslims.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami lamented that the fact of the matter is that while Israel has crossed all limits in its enmity towards Islam, it is extremely regrettable that Muslim states still appear to be ready to 'improve relations' with the same illegitimate Zionist entity that is actively engaged in state terrorism against the Palestinian Muslims. He asserted that all Muslim state ought to have realized by now that Israel will never be a friend of the Muslims. The Ameer concluded by emphasizing that all Muslim countries must unify in totally boycotting and sanctioning the Zionist state of Israel in order to force it into isolation.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan